ABC Certified | Member AKNS | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
www.dailydhartiajk.com | dailydharti@gmail.com
روزنامہ
چیف ایگزیکٹو: ڈاکٹر عمران حسین
کشمیر دھرتی
راولاکوٹ
چیف ایڈیٹر: عابد صدیق | ایڈیٹر: عمر خیام
جلد 04 | جمعرات 05 جون 2025ء، 08 ذوالحجہ 1446ء، 22 جیٹھ 2081 | سفحات 04 / قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 42

PDA ملازمین کی تنخواہ پانچ ماہ سے بند، ملازمین کا عیدالاضحیٰ پر احتجاج تادم مرگ بھوک ہڑتال کا اعلان

حکومت اور بیوروکریسی کی بے حسی کی انتہا، رائیٹ سائزنگ کی فائل وزیراعظم سیکرٹریٹ میں چھ ماہ سے زیر کار ہے، کمیٹی کی سفارشات کے باوجود تاحال حکومتی منظوری نہ ہوسکی، فائلوں کی نوبت آ گئی ہے، ملازمین

آل ایمپلائز کنفڈریشن کے ذمہ داران کی پی ڈبلیو ڈی ورکر یونین اور فنی ملازمین غیر جریدہ برقیات کے ہڑتالی کیمپ میں شرکت، مکمل حمایت کا اعلان، مسائل حل نہ ہونے پر آزاد کشمیر بھر میں ہڑتال کی دھمکی

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) پی ڈبلیو ڈی ورکرز یونین اور فنی ملازمین کی تنخواہوں کی ادائیگی کو پانچ ماہ سے بند کیے جانے کے خلاف پیر کو احتجاجی کیمپ لگا دیا گیا۔ ملازمین کا کہنا ہے کہ ان کے بچوں کی فیسیں، بجلی کے بل اور روزمرہ اخراجات ادا کرنا ناممکن ہو چکا ہے۔ ملازمین کا مطالبہ ہے کہ ان کی تنخواہوں کی ادائیگی کو یقینی بنایا جائے اور ریٹائرمنٹ کے بعد ملازمین کو ان کے واجبات کی فوری ادائیگی کی جائے۔ ملازمین کا کہنا ہے کہ ان کے مسائل کو بارہا حکام کے سامنے اٹھایا گیا، مگر ہر بار صرف وعدے کیے گئے، عملی اقدام نہ ہونے کے برابر رہا۔ ان کا کہنا ہے کہ اگر ان کے مطالبات پر فوری توجہ نہ دی گئی تو وہ احتجاج کو مزید تیز کرنے پر مجبور ہوں گے۔ ملازمین

Editorial

ادارتی صفحہ

روزنامہ کشمیر دھرتی
@www.dailydhartiajk.com Mdailydharti@gmail.com
Ph: 05824-445864 Fax: 05824-445865
چیف ایڈیٹر عابد صدیق ★ ایڈیٹر عمر شیام

ہمارے نوجوان اور والدین کی ذمہ داریاں

ٹک ٹاکر ثنا یوسف قتل کیس میں بڑی پیش رفت سامنے آگئی، پولیس نے مبینہ ملزم کو گرفتار کرلیا۔ ذرائع کے مطابق ملزم کو گزشتہ شب فیصل آباد سے گرفتار کیا گیا، جب کہ سی سی ٹی وی فوٹیج کی مدد سے اس کی شناخت اور گرفتاری ممکن ہوئی۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ ملزم کا مقتولہ ثنا یوسف کے ساتھ ذاتی رابطہ تھا اور گزشتہ روز ملزم نے اسلام آباد میں ثنا یوسف کے گھر میں گھس کر فائرنگ کی جس سے وہ شدید زخمی ہوگئیں۔ متاثرہ ٹک ٹاکر کو اسپتال منتقل کیا گیا تاہم وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق ہو گئیں۔ ٹک ٹاکر ثنا یوسف کے قتل کا مقدمہ اسلام آباد کے تھانہ سمبل میں مقتولہ کی والدہ کی مدعیت میں درج کرلیا گیا ہے۔ مقدمے کے متن کے مطابق ملزم پیر کی شام تقریباً 5 بجے ثنا کے گھر داخل ہوا اور ثنا یوسف پر فائرنگ کر کے موقع سے فرار ہو گیا۔ ایف آئی آر کے مطابق ملزم کی فائرنگ سے ثنا یوسف کے سینے میں دو گولیاں لگیں، جس کے باعث وہ شدید زخمی ہوگئیں۔ انہیں فوری طور پر اسپتال منتقل کیا گیا، تاہم وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جانبر نہ ہوسکیں اور دم توڑ گئیں۔ پولیس نے ثنا یوسف کی والدہ کی مدعیت میں مقدمہ درج کر کے تفتیش کا آغاز کیا تھا۔ تفتیش کے دوران حاصل ہونے والی سی سی ٹی وی فوٹیج میں ملزم کو واردات کے وقت سڑک سے گزرتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے۔ مزید یہ کہ آلۂ قتل بھی ملزم سے برآمد کرلیا گیا ہے۔ پولیس حکام کے مطابق ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے اور جلد کیس کے دیگر پہلوؤں کو بھی منظر عام پر لایا جائے گا۔

آئی جی اسلام آباد علی ناصر رضوی نے معروف ٹک ٹاکر ثنا یوسف کے قتل کیس میں قاتل کی گرفتاری کو پولیس کی بڑی کامیابی قرار دے دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ کیس نہ صرف عوامی توجہ کا مرکز بنا بلکہ پولیس کے لیے ایک بڑا چیلنج بھی تھا۔ آئی جی اسلام آباد علی ناصر رضوی نے ڈی آئی جی جواد طارق اور دیگر اعلیٰ افسران کے ہمراہ پریس کانفرنس میں دوران بتایا کہ ملزم بار بار ثنا یوسف سے رابطہ کرنے کی کوشش کر رہا تھا۔ ثنا یوسف کی جانب سے مسلسل نظرانداز کیے جانے پر اس نے انتقامی طور پر قتل کا منصوبہ بنایا۔ نوجوان انفلوئنسر کی سالگرہ کے دن بھی ملزم نے رابطہ کرنے کی کوشش کی، مگر ناکامی پر انتہا پسندی پر اتر آیا، ثنا یوسف کو دو گولیاں مار کی تھیں۔ ملزم کی شناخت اور گرفتاری ایک پیچیدہ اور حساس عمل تھا کیونکہ واردات کے فوری بعد وہ فرار ہو گیا تھا۔ بلاشبہ یہ پولیس کی ایک مستحسن کارروائی ہے جس میں ملزم کو فوری گرفتار کرلیا گیا ہے لیکن اس طرح کے واقعات میں اضافہ بحیثیت قوم ہم سب کیلئے ایک بڑا سوالیہ نشان ہے۔ سارٹ فون اور مختلف ایپس نہ جانے ہمارے کتنے نوجوانوں کی زندگیوں کو نگل چکے ہیں۔ اس وقت ضرورت اس امر کی ہیکہ والدین بھی اپنی ذمہ داری کا احساس کرتے ہوئے اپنے بچوں پر نظر رکھیں کہ کہیں وہ ایسی دلدل میں تو نہیں پھنستے جارہے جو ان کی جان لینے کا باعث بنے گی۔ بلاشبہ والدین جب تک اپنی ذمہ داریاں پوری نہیں کرتے تو ان سانحات کی روک تھام ممکن نہیں ہو پائے گی اور ہمارے بچے اسی طرح کی مختلف سرگرمیوں میں ملوث اور ان کا شکار ہوتے رہیں گے جو ان کی زندگی کے خاتمہ پر منتج ہوں گی۔

ضم اضلاع کی محرومیوں کا ازالہ ناگزیر ہے، بیرسٹر سیف

گنڈاپور نے پشاور اور جرگے میں صوبے کے حقوق کا مقدمہ کامیابی سے لڑا

پشاور (صباح نیوز) سینئر اطلاعات نیر بخاری نے بیرسٹر ڈاکٹر سیف کا کہنا ہے کہ ضم اضلاع اب پھر بحران کا شکار ہیں، ان کے لئے ضم اضلاع کے لئے فنڈز کی دستیابی کے خاتمے کی خبر ہے، بڑی عالمی امن کانفرنس کے پشاور اور جرگے میں صوبے کے حقوق کا مقدمہ کامیابی سے لڑا، اپنے صوبے کی برادریوں نے کہا کہ وفاقی حکومت کو ایک بڑا ضم اضلاع کے فنڈز کی مشکل اور پیچیدہ پائپ لائن پر اشک کے حوالے سے آگاہ کیا، امید ہے اب وفاقی حکومت ضم اضلاع کے فنڈز جلد صوبے کو منتقل کرے گی، ضم اضلاع اب پھر بحران کا شکار ہیں، اس کے لئے فنڈز کی منتقلی کے خاتمے کی خبر ہے، بڑی عالمی امن کانفرنس کے پشاور اور جرگے میں صوبے کے حقوق کا مقدمہ کامیابی سے لڑا، اپنے صوبے کی برادریوں نے کہا کہ وفاقی حکومت کو ایک بڑا ضم اضلاع کے فنڈز کی مشکل اور پیچیدہ پائپ لائن پر اشک کے حوالے سے آگاہ کیا۔

سرینگر، بھارتی حکومت کی ترقی کے دعوے زمینی حقائق کے برعکس

کشمیریوں کو بنیادی ڈھانچے کے فقدان کا سامنا، مشکلات سے عجیب ماحول

سری نگر/ کے پی آئی) مشہد، ٹاؤن و تحصیل مودی کی زیر نگرانی بھارتی حکومت کی طرف سے ترقی کے دعووں کے باوجود زمینی حقائق بالکل مختلف کہانی سنا رہے ہیں۔ ترقی کے دعووں اور دعووں کے برعکس بہت سے علاقوں کے مکینوں کو بنیادی ڈھانچے کے شدید فقدان کا سامنا ہے جو زلزلہ پسند اور دیگر موسمی

مقبوضہ جموں کشمیر کے 75 سرکاری ملازمین برطرف

ملازمین کو آزادی پسند تنظیموں سے تعلق کا جواز بنا کر برطرف کیا جارہا ہے

سری نگر/ کے پی آئی) مشہد، جموں و تحصیل خصوصی حیثیت کے خاتمے کے بعد بھارتی حکومت نے 75 زائد کشمیری سرکاری ملازمین کو برطرف کردیا ہے۔ گزشتہ روز جموں و تحصیل کے انتظامیہ ایک پولیس کانسٹیبل سمیت تمام سرکاری ملازمین کو آزادی پسند تنظیموں سے تعلق کا جواز بنا کر برطرف کردیا گیا۔ سرکاری ملازمین سے برطرف کئے گئے کشمیری میں ایک پولیس کانسٹیبل، ایک سکول ٹیچر اور سرکاری میڈیکل کالج کا ایک جونیئر اسسٹنٹ شامل ہیں۔ انہیں کالعدم انتظامیہ نے مبینہ طور پر دہشت گرد تنظیموں سے تعلق کا الزام لگا کر برطرف کیا۔ گورنر انتظامیہ نے ان فائلوں کو ختم کرنے کے حکم جاری کیے تھے جو ریاستی دہشت گردی کے الزام میں برطرف کیے گئے ملازمین کے خلاف کارروائی سے متعلق تھیں۔ ان برطرفیوں کا مقصد ریاستی دہشت گردی کو ختم کرنا اور شفاف انتظامی ماحول کو فروغ دینا بتایا گیا ہے۔ یہ اقدام جموں و کشمیر کی سول سوسائٹی اور سیاسی حلقوں میں تنقید کا باعث بن گیا ہے۔ کئی سیاسی جماعتوں نے اسے انسانی حقوق کی خلاف ورزی قرار دیا ہے۔ ان برطرفیوں کو بھارتی حکومت کی طرف سے کشمیر میں سول سوسائٹی کو دبانے کی کوشش کے طور پر دیکھا جا رہا ہے۔ ان برطرفیوں کو بھارتی حکومت کی طرف سے کشمیر میں سول سوسائٹی کو دبانے کی کوشش کے طور پر دیکھا جا رہا ہے۔ ان برطرفیوں کو بھارتی حکومت کی طرف سے کشمیر میں سول سوسائٹی کو دبانے کی کوشش کے طور پر دیکھا جا رہا ہے۔

کشمیر کا ریاستی درجہ بحال کیا جائے یشونت سنہا کا مشورہ

کشمیر میں پکڑ دھکڑ اور گھروں کی مسماری کا سلسلہ ختم ہونا چاہیے، گفتگو

نئی دہلی (کے پی آئی) سابق بھارتی وزیر خارجہ یشونت سنہا نے بھارتی حکومت پر زور دیا ہے کہ کشمیریوں کا اعتماد بحال کیا جائے۔ کشمیریوں کا اعتماد بحال کرنے کے لیے جموں و کشمیر کا ریاستی درجہ بحال کیا جائے۔ ای ڈبلیو ٹیوب سے خصوصی گفتگو میں انہوں نے کہا کہ پہلگام حملے کے بعد بھارتی حکومت کی روایتی دہشت گردی کے خلاف کارروائی کے نام پر کشمیریوں کا اعتماد ختم کر دیا گیا ہ

روزنامہ دھرتی راولاکوٹ شہر.....شہر.....قریہ.....قریہ.....کی خبریں

تمام معزز کسٹمرز اور عالم اسلام کو
دل کی عمیق گہرائیوں سے
عیدالاضحیٰ 2025ء مبارک
منجانب
عدیل حمید M.D
کلاسک فرنیچر ھب
افضل کمپلیکس سی ایم ایچ بائی پاس روڈ راولاکوٹ آزاد کشمیر
0334-5772551 - 0316-1980262

تمام عالم اسلام کو عمیق قلب سے
عیدالاضحیٰ 2025ء مبارک
منجانب
سردار محمد نعیم خان
ڈسٹرکٹ کونسلر یونین کونسل رہاڑہ
ڈائریکٹر فلائنگ اینجلز پبلک سکول راولاکوٹ
اینکر پاور رول سکول سسٹم راولاکوٹ

تمام عالم اسلام کو صمیم قلب سے
عیدالاضحیٰ 2025ء مبارک
منجانب
ڈاکٹر سرمد شمریز

تمام عالم اسلام کو دل کی گہرائیوں سے
عیدالاضحیٰ مبارک
منجانب
محمد عابد خان پرنسپل
دی ویژن سکول اینڈ ماڈل کالج
راولاکوٹ

پیارے ہم وطنوں اور عالم اسلام کو
دل کی عمیق گہرائیوں سے
عیدالاضحیٰ 2025ء مبارک
منجانب
صدیق اکبرؓ ماڈل سکول
سپلائی بازار راولاکوٹ
نثار احمد (پرنسپل)

عزیز ہم وطنوں اور عالم اسلام کو
دل کی عمیق گہرائیوں سے عیدالاضحیٰ کی
بہت بہت مبارک
منجانب
سردار خرم خیام
ڈائریکٹر رائزنگ نیوچر پبلک سکول راولاکوٹ
مرکزی نائب صدر
آل آزاد کشمیر پرائیویٹ سکول اینڈ کالج ایسوسی ایشن

تمام کرم فرماؤں اور عالم اسلام کو عیدالاضحیٰ 2025ء مبارک
منجانب
انتظامیہ گرامر پبلک سکول راولاکوٹ
ڈائریکٹر: سردار محمد جاوید خان

تمام معزز کسٹمرز اور عالم اسلام کو دل کی گہرائیوں سے عیدالاضحیٰ 2025ء مبارک
منجانب
جانی بنوں ہوٹل اینڈ ریسٹورنٹ
عمدہ، معیاری اور لذیذ کھانوں کا واحد مرکز
بالمقابل شاہ ہمدان مسجد منگ روڈ (چینک روڈ) راولاکوٹ
پروپرائیٹر: محمد رحمٰن اینڈ برادرز
0346-5919154

کھائی گلہ درجنوں افراد کی دیگر جماعتوں سے مسلم لیگ ن میں شمولیت

شامل ہونیوالوں میں زیادہ تر پاکستان پیپلز پارٹی کے وہ لوگ ہیں جنہوں نے تقریباً 30 سالہ رفاقت کو ختم کر کے پارٹی کو خیرآباد کہہ دیا

مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما حاجی عبدالرشید اور حلقہ صدر عمران اشرف نے نئے شامل ہونیوالوں کو ہار پہنائے اور ہار کیا پیش کی

کھائیگلہ (نمائندہ خصوصی) دو طوفان ریزیدنٹ راولاکوٹ اور دیگر علاقوں سے بڑی تعداد میں لوگ مختلف سیاسی جماعتوں سے مستعفی ہو کر مسلم لیگ ن میں شامل ہو گئے جن میں زیادہ تر پاکستان پیپلز پارٹی کے ورکر ہیں انہوں نے تقریباً (نیوز 01 سطر 03)

نیشنل سٹوڈنٹس فیڈریشن کا تیسری نوٹ کرسنگ پوائنٹ کی طرف مارچ

گولہ باری سے متاثر ہونے والوں سے بھرپور یکجہتی، بیسیوں کارکنان کی بارش کے باوجود بڑی تعداد میں شرکت

جے کے این ایس ایف محنت کش طبقے کی حق حکمرانی کی بحالی تک جدوجہد میں مصروف عمل ہے، شرکاء مارچ کا خطاب

تجاری نوٹ (دھرتی نیوز) ہوں کشمیر کشمیر کی نیشنل سٹوڈنٹس فیڈریشن نے 6 جون کو تجاری فورٹ کراسنگ پوائنٹ کی طرف جنگ و آزادی کا کھیل مکاؤ ہوں کشمیر کے نعرے بلند کرتے ہوئے احتجاجی ڈنکا ہار سے مارچ کی تیاری شروع کی۔ نیشنل سٹوڈنٹس فیڈریشن کے مرکزی صدر نجفی بانڈ نے بھرپور یکجہتی کے لیے مارچ کا آغاز کیا۔ طالبات نے تجاری نوٹ کراسنگ پوائنٹ پر مارچ کیا۔ مارچ کشمیر و شرکاء

مظفر آباد، گرلز گائیڈز کیلئے خصوصی تربیتی نشست کا اہتمام

ہنگامی حالات سے نمٹنے، موثر ردعمل کے حوالے سے عملی مشق و آگاہی

مظفر آباد (پی آئی ڈی) آلخواتین کشمیر، رابطہ کے زیر اہتمام گرلز گائیڈ ایسوسی ایشن کے دفتر میں گرلز گائیڈز کے لیے ایک تربیتی سیشن کا انعقاد کیا گیا جس میں سول ڈیفنس کی لیڈی ایف ڈبلیو کے ڈپٹی ڈائریکٹر مسز نصرت، فوبیہ احمد، ڈیان قریشی اور عبدالباسط مغلی نے طلبہ کو ٹرسٹ ایڈ، فائر ایڈ سیفٹی اور ہنگامی حالات (نیوز 02 سطر 03)

سینئر صحافی اعجاز قمر کے بڑے بھائی الیاس خان کا انتقال

آبائی قبرستان میں سپرد خاک، مختلف زعماء کا وفات پر گہرے رنج کا اظہار

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) سابق صدر غازی ملت پریس کلب اور اخبار قمر کے بڑے بھائی محمد الیاس خان قضا کے ایک دفات پا گئے ہیں مرحوم کو آبوں اور سسکیوں میں سپرد خاک کر دیا گیا ہے محمد الیاس خان مرحوم کی نماز جنازہ پچھلے 27 مئی کو ہوئی نماز جنازہ میں سیاسی سماجی مذہبی اور ادبی شخصیات صحافیوں اور مختلف مکاتب فکر کے علاوہ عوام علاقہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی ہے اس موقع (نیوز 03 سطر 03)

تہاڑ جیل میں قید کشمیری رہنما امیر حمزہ کے والد انتقال کر گئے

امیر حمزہ اور دیگر محبوس راہنماؤں کے عزم کو سلام پیش کرتے ہیں، تحریک حریت

تحریک حریت جموں کشمیر کے رہنما امیر حمزہ کے والد عبدالرشید کشمیر میں انتقال کر گئے ہیں۔ ترجمان تحریک حریت جموں کشمیر نے امیر حمزہ سے تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ تحریک حریت نے اپنے (نیوز 05 سطر 03)

بغیر تحقیق میرے خلاف ریفرنس الیکشن کمیشن کو بھیجا، عمر ایوب

بانی پی ٹی آئی کا سپاہی ہوں، ہمیشہ حق اور سچ کا ساتھ دیں گے، گنڈاپور

اسلام آباد (صباح نیوز) قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف عمر ایوب نے کہا ہے کہ الیکشن کمیشن کے بغیر تحقیق کے میرے خلاف ریفرنس الیکشن کمیشن کو بھیجا، میں بانی پی ٹی آئی کا سپاہی (نیوز 07 سطر 03)

قربانی کا جذبہ ایمان کو مضبوط کرتا ہے، جاوید صادق

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) معروف سیاسی و سماجی رہنما سردار محمد جاوید صادق خان آف بھدرہ محمود ایب (AEO(.) نے عید الاضحیٰ کے حوالے سے اپنے ایک تحریری بیان میں کہا ہے کہ قربانی کا مقصدی اظہار ہے۔ قربانی کا جذبہ ایمان کو مضبوط (نیوز 08 سطر 03)

میکسیکو، بس کو حادثہ، 11 افراد ہلاک، 17 زخمی

میکسیکو سٹی (صباح نیوز) میکسیکو کی ریاست نیولیون میں بیورو رش بس کو حادثہ پیش آیا جس کے نتیجے میں 11 افراد ہلاک اور 17 زخمی ہو گئے۔ رپورٹ کے مطابق حادثے کے بعد لاشوں اور زخمیوں کو فوری طور پر اسپتال منتقل کر دیا گیا، رپورٹ کے مطابق میکسیکو کی ریاست نیولیون (نیوز 09 سطر 03)

الاسلام ہومیو پیتھک میڈیکل کالج و ہسپتال (رجسٹرڈ)
راولاکوٹ میں آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر سے منظور شدہ واحد مستند ادارہ
ادارہ میں طلباء و طالبات کی تعلیم و تربیت کے ساتھ ساتھ مریضوں کی سہولت کے لئے ہومیو پیتھک علاج کا انتظام بھی کیا گیا ہے۔ جہاں پر کوالیفائیڈ اور تجربہ کار ہومیو ڈاکٹر و لیڈی ڈاکٹر کی زیر نگرانی ہر قسم کے مریضوں کا علاج بھی کیا جاتا ہے
طلباء و طالبات ہومیو ڈاکٹر کے کورس میں داخلے کے لئے اور ہر قسم کے مریض ہومیو علاج کے لئے رجوع کریں
زیر نگرانی:۔ ہومیو ڈاکٹر محمد فاروق خان 0345-0230479 / 0300-5334798
الحفیظ مارکیٹ سی ایم ایچ روڈ راولاکوٹ آزاد کشمیر

کھائی گلہ بجلی کی طویل اور غیر اعلانیہ بندش سے لوگوں کو شدید مشکلات

بجلی کی بندش میں موسم کی خرابی سے زیادہ ایس ڈی او کا عمل دخل ہے، جو اسٹیشن میں ملازمین کی کمی کو پورا نہیں ہونے دیتا

ایس ڈی او پریتیات سب ڈویژن کھائیگلہ کا فوری تبادلہ کیا جائے ورنہ میں چوک کو بند کر کے احتجاج پر مجبور ہونگے، عوام علاقہ

کھائیگلہ (نمائندہ خصوصی) علاقہ نمبر دو کھائی گلہ کی عوام بجلی کی بندش سے بیزار آ گئی، مسلسل چوبیس چوبیس گھنٹے بجلی بند رہتی ہے، بجلی کی بندش میں موسم کی خرابی سے زیادہ محکمہ پریتیات سب ڈویژن کھائیگلہ کے ایس ڈی او پریتیات سب ڈویژن کھائیگلہ کا اپنا گھر چونکہ راولاکوٹ میں ہے اس لیے (نیوز 12 سطر 03)

موسم کا بہانہ بنا کر بجلی بند رکھنا معمول بن گیا ہے، ایس ڈی او پریتیات سب ڈویژن کھائیگلہ کو فوری تبادلہ کیا جائے ورنہ میں چوک کو بند کر کے احتجاج پر مجبور ہونگے، عوام علاقہ

پاک فوج نے قوم کا سر فخر سے بلند کر دیا، جماعت اسلامی

بھارتی جارحیت کے نتیجے میں جوانوں اور سول شہداء کو بھرپور خراج تحسین

اسلام آباد (پ ر) جماعت اسلامی آزاد کشمیر گلگت بلتستان کے مرکزی ذمہ داران اور امراء اضلاع کے اعلامیہ میں قرارداد منظور کی گئی جس میں کہا گیا ہے کہ آزاد کشمیر اور پاکستان پر بھارتی جارحیت پاک فوج کے منہ توڑ جواب نے پوری قوم کا سر فخر سے بلند کر دیا، جماعت اسلامی بھارتی جارحیت کے نتیجے میں پاک فوج کے جوانوں اور سول شہداء کو خراج تحسین پیش کرتی ہے، دہشتگردی نے (نیوز 10 سطر 03)

باغ شہر کے وسط میں NBP کی برانچ کھولنے کا مطالبہ

باغ (ڈاکٹر محمد پوار) باغ شہر میں کھلی بنک کی برانچ کھولی جائے، باغ کے تاجروں، صنعتکاروں، سرکاری ملازمین کی تنظیموں اور بنکاری رائٹس فورم کے عہدیداران نے کھلی بنک آف پاکستان کی انکوائری سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ (نیوز 11 سطر 03)

تمام معزز کسٹمرز اور اہل اسلام کو
دل کی عمیق گہرائیوں سے
عیدالاضحیٰ مبارک
منجانب
اصلی بفہ مانسہرہ نکہ کباب ھاؤس
منگ روڈ راولاکوٹ
پروپرائیٹر: مقصود احمد 0343-4195237
چکن تکہ | سیخ کباب | چکن کڑاہی | تکہ کڑاہی

تمام معزز کسٹمرز اور اہل اسلام کو
دل کی عمیق گہرائیوں سے عیدالاضحیٰ کی
بہت بہت مبارک
منجانب
عبداللہ گڈ فوڈ ریسٹورنٹ اینڈ سیون سکائی ہوٹل
ایاز مارکیٹ منگ روڈ راولاکوٹ
سردار محمد خورشید خان
مینجنگ ڈائریکٹر

تمام عالم اسلام کو دل کی عمیق گہرائیوں سے
عیدالاضحیٰ 2025ء مبارک
منجانب
ڈاکٹر سرمد یونس

چیف ایڈیٹر و پبلشر عابد صدیق نے کوہسار پریس سے چھپوا کر ایک روڈ راولاکوٹ سے شائع کیا۔ فون 05824-445864 ، فیکس 05824-445865 ای میل dailydharti@gmail.com

بقیہ 1

30 سال تک کوشش کرتا رہا۔ آخر کار ہم نے اپنی کوشش کا نتیجہ دیکھ لیا ہے۔ آج ہم نے ایک ساتھ مل کر یہ کام کیا ہے۔ آج ہم نے اپنی جیت کا جشن منایا ہے۔ ہم نے اپنی جیت کا جشن منایا ہے۔ ہم نے اپنی جیت کا جشن منایا ہے۔